**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/15/3 ***KATHY HOCHUL گورنر***

***گورنر HOCHUL کی جانب سے بالغوں کے استعمال کے لیے اتھاکا میں بالغوں کے استعمال کے لیے بھنگ کی ڈسپنسری کھولنے کا اعلان***

***نظامِ انصاف سے متاثرہ لائسنس یافتہ نیو یارک سٹی سے باہر بھنگ کی ڈسپنسری کھولے گا***

***اتھاکا ڈسپنسری کو سماجی مساوات بھنگ سرمایہ کاری فنڈ کی معاونت حاصل ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک کے شمالی حصے میں بالغوں کے مشروط استعمال کی پرچون فروش ڈسپنسری کا لائسنس ایک ایسے کاروباری شخص کی ملکیت ہے جو پہلے بھنگ کی ممانعت کی وجہ سے مجرم قرار دیا گیا تھا، یہ ڈسپنسری اتھاکا میں 119-121 ایسٹ سٹیٹ سٹریٹ پر 16 مارچ بروز جمعرات شام 4:20 بجے عوام کو فروخت کے لیے کھل جائے گی۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "اتھاکا میں ولیم جین (William Jane) کے افتتاح کے ساتھ، ہم اپنی ریاست میں بالغوں کے لیے بھنگ کی صنعت کی تعمیر جاری رکھے ہوئے ہیں جو کہ بھنگ کی ممانعت کے دوران غیر متناسب گرفتاریوں سے ہونے والے نقصانات کو پورا کرنے کے لیے کام کرتی ہے۔ چونکہ اس طرح کی مزید ڈسپنسریاں نیو یارک ریاست میں کھلی ہیں، صارفین کے پاس اب قانونی، محفوظ مصنوعات خریدنے کا اختیار ہے اور اپنے علاقوں میں دوبارہ سرمایہ کاری بھی کرتے ہیں"۔

اتھاکا ڈسپنسری، جسے ولیم جین کہتے ہیں، ولیم ڈرہم (William Durham) کی ملکیت ہے اور وہی اسے چلائے گا۔ بروکلین کا ایک باشندہ جس نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ بنگھیمٹن میں گزارا، مسٹر ڈرہم خوردہ فروشی، تعمیرات اور املاک میں سرمایہ کاری میں مختلف تجربات کے ساتھ نیو یارک کی بھنگ کی مارکیٹ میں قدم رکھ رہے ہیں۔

اس مقام کو ریاست نیو یارک کے سماجی مساوات بھنگ سرمایہ کاری فنڈ کی معاونت حاصل ہے اور یہ "کبھی کبھار اچانک" کے طور پر کھلے گا۔ چونکہ اس فنڈ سے چند اور ابتدائی ڈسپینسریوں کی بھی معاونت کی جائے گی، لہٰذا اس کے ذریعے لائسنس یافتگان کو فاسٹ ٹریک فروخت کا قلیل مدتی بنیادوں پر آغاز کرنے اور اپنے کاروباروں کے لیے سرمائے کی تشکیل کا موقع فراہم ہو گا، جس کے بعد وہ حتمی تعمیر کے لیے اسے بند کر دیں گے اور پھر اس کا طویل مدتی بنیادوں پر دوبارہ آغاز کریں گے۔

کبھی کبھار اچانک پروگرام کو کل وقتی کھولنے سے پہلے چلانے والے کو ابتدائی تربیت کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس سے بھنگ کے رسدی سلسلے میں شامل تمام کاروباروں کو فائدہ پہنچے گا، جن کاشتکاروں کے پاس بھنگ تقسیم کے لیے تیار ہے، سے لے کر ان تیار کنندگان تک جو بھنگ کو دوسری قسم کی مصنوعات میں ڈھال رہے ہیں۔ تقسیم کار اور پرچون فروش وہاں سے کام کرتے ہیں تاکہ ان صارفین کو فراہم کی جا سکے جو محفوظ مصنوعات تک رسائی کے خواہاں ہیں جن پر وہ بھروسہ کر سکتے ہیں۔ڈسپنسری کے افتتاح سے نیو یارک کے بھنگ کے لائسنس دینے میں مساوات کے اہداف کو آگے بڑھانے میں مدد ملتی ہے جو نظامِ انصاف سے متاثرہ ایسے افراد کو لائسنس فراہم کرنے کو ترجیح دیتا ہے، جو کہ بھنگ کی سزا کے حامل افراد یا کسی کے قریبی رشتہ دار ہیں۔

**DASNY کے صدر اور سی ای او Reuben McDaniel III نے کہا،** "یہ اہم سنگ میل نیو یارک بھر میں سیاہ فام اور ایشیائی برادریوں میں بین النسل دولت کے لیے نئے اور منفرد مواقع پیدا کرنے اور گہری سرایت شدہ تاریخی ناانصافیوں کو دور کرنے کے لیے نیو یارک کے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ میں گورنر Hochul کی قیادت، اس غیر معمولی معاونت کا شکر گزار ہوں جو اس پروگرام کو مقننہ کی طرف سے حاصل ہے، اور فنڈ کی قیادت کے کام، جن سب نے اس اہم پہل کاری پر ہماری پیشرفت جاری رکھنے میں ہماری مدد کی ہے"۔

**ولیم جین کے مالک ولیم ڈرہم نے کہا،** "میں نیو یارک کے بالائی حصے میں کھلنے والے بھنگ کے پہلے کاروبار میں سے ایک ہونے پر بہت پُرجوش ہوں۔ میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ میں اس طرح کا کاروبار شروع کر سکوں گا، اور میں ریاست نیو یارک کا شکر گزار ہوں کہ اس نے یہاں کاروبار بڑھانے کا یہ موقع فراہم کیا ہے۔ یہ ایک نعمت ہے جو مجھے مستقبل میں دوسروں کے لیے مواقع پیدا کرنے میں مدد دے گی"۔

**ریاستی سینیٹر Lea Webb نے کہا،** "یہ اتھاکا سٹی اور سدرن ٹیئر کے لیے ایک قابلِ فخر دن ہے۔ جیسا کہ ہم سماجی مساوات بھنگ سرمایہ کاری فنڈ کے تعاون سے لائسنس کے ساتھ شمالی نیو یارک میں پہلی ڈسپنسری کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ میں ولیم ڈرہم کا اس اہم سنگِ میل کا پُرتپاک خیر مقدم کرتا ہوں اور دلی مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں۔ یہ ایک دلچسپ لمحہ ہے کیونکہ ہماری بڑھتی ہوئی بھنگ کی صنعت زرعی شراکت داروں اور لوگوں کے لیے اقتصادی مواقع فراہم کرکے ہمارے علاقوں میں سرمایہ کاری کرتی ہے جنہیں بھنگ کی مجرمانہ کارروائی سے غیر متناسب نقصان پہنچا ہے"۔

**رکنِ اسمبلی Anna Kelles نے کہا،** "میں گورنر Hochul کے عزم اور ان لوگوں کے لیے کاروباری ترقی اور کاروباری ترقی کی حمایت کرنے کو سراہتی ہوں جو پہلے بھنگ کے استعمال کے مجرم بن چکے تھے۔ 'ولیم جین' ڈسپنسری بھنگ کی پولیسنگ اور ماضی کی قید کی عدم مساوات کو درست کرنے میں ایک قدم کی نمائندگی کرتی ہے، جبکہ مقامی کسانوں کو بھنگ اگانے کے لیے ایک مارکیٹ بھی فراہم کرتی ہے۔ مصنوعات کو بالغوں، جو اسے دواؤں یا تفریحی استعمال کے لیے استعمال کرنے کا انتخاب کرتے ہیں کے لیے محفوظ رکھتے ہوئے، مقامی پیداوار اور فروخت میں شفافیت اور مصنوعات کے معیار کو یقینی بنانے میں مدد مل سکتی ہے"۔

**ٹومپکنز کاؤنٹی کے قانونی ساز کی چیئر وومن Shawna M. Black نے کہا،** "ٹومپکنز کاؤنٹی بڑے صبر سے ہماری پہلی بالغوں کے استعمال کے لیے بھنگ کی پرچون فروش ڈسپنسری کے اعلان کا انتظار کر رہی ہے۔ ہم اتنے ہی پُرجوش ہیں جتنا کہ ولیم جین سماجی انصاف کے اقدامات اور ان لوگوں کو بااختیار بنانے کے لیے پُرعزم ہے جنہیں تاریخی طور پر چرس کی وجہ سے مجرمانہ کارروائی کا نشانہ بنایا گیا ہے"۔

**اتھاکا کی میئر Laura Lewis نے کہا،** "اتھاکا سٹی میں اس پہلی لائسنس یافتہ ڈسپنسری پر ہمارے علاقے کے ساتھ کام کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ ہم مساوی معاشی ترقی کے لیے اس نئے محرک کو ابتدائی طور پر اپنانے والوں میں شامل ہونے پر پُرجوش ہیں۔ ہم بھنگ کی ریگولیٹڈ انڈسٹری کے لیے ایک جامع نقطۂ نظر کو فروغ دینے اور صارفین کی حفاظت اور مقامی کاروباری مالکان کے لیے مواقع کو یقینی بنانے کے لیے بھی ریاست نیو یارک کے عزم کو سراہتے ہیں"۔

**بھنگ کنٹرول بورڈ کی چیئر وومن Tremaine Wright نے کہا،** "ہم بھنگ کی مارکیٹ کو نئے علاقے میں پھیلتے ہوئے دیکھ کر بہت پُرجوش ہیں۔ یہ سٹورز نیو یارک کے مزید لوگوں کو بھنگ کی مصنوعات خریدنے کا ایک محفوظ، قابلِ اعتماد اور آسان طریقہ فراہم کریں گے جبکہ ملازمتیں پیدا کریں گے اور ان مقامی معیشتوں کو فروغ دیں گے۔ ان سٹورز کا افتتاح نیو یارک کے لیے ایک اہم سنگِ میل کی نشاندہی کرتا ہے کیونکہ ہم اپنی مارکیٹ کو بڑھانا جاری رکھے ہوئے ہیں"۔

**انتظامِ بھنگ کے دفتر کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Chris Alexander نے کہا،** "ریاست میں بھنگ کے مزید قانونی سٹورز کھولنا نیو یارک کی بھنگ کی صنعت کے بڑھتے ہوئے تنوع کو سراہنے کا ایک سنسنی خیز موقع ہے۔ ہمیں اس اہم موقع کا حصہ بننے پر فخر ہے اور ہم ایسے مقامات کی تعداد میں اضافے کے منتظر ہیں جہاں نیو یارک کے مکین بھنگ کی مصنوعات کو محفوظ طریقے سے حاصل کر سکتے ہیں اور اپنے علاقوں میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں"۔

**فنڈ کے عمومی شراکت دار، سماجی مساوات امپیکٹ وینچرز کے پرنسپل، William Thompson نے کہا،** "نیو یارک میں بھنگ میں اپنی نوعیت کی پہلی سرکاری-نجی شراکت داری (Public-Private-Partnership, PPP) کو خاص طور پر ریاست کے شمالی اور زیریں دونوں حصوں میں ہزاروں مقامات کی تشخیص کو مؤثر بنانے کے لیے رکھا گیا تھا؛ ہر مکان مالک کے ساتھ لیز کا انتظام کریں اور ان میں داخل ہوں؛ ڈیزائن بنانے کے عمل کی ہدایت کرتے ہوئے، سٹور آپریٹرز کے کاروبار کے کھلنے پر ان کی مدد کرنے کے لیے تربیت اور آپریشن کے پروگرام قائم کرتے ہوئے۔ یہ ایک بڑا اور متنوع قلمدان ہے، لیکن مارکیٹ کی کامیابی کے لیے لائسنس دہندگان کو ترتیب دینے میں مدد کے لیے یہ ضروری اقدامات ہیں"۔

اتھاکا مقام اس پروگرام کا حصہ ہے جسے گورنر Hochul اور ریاست نیو یارک کی قانون ساز اسمبلی کی طرف سے اختیار کیا گیا ہے اور CAURD لائسنس دہندگان کے ذریعے چلائی جانے والی بھنگ کی ڈسپنسریوں کے لیے جگہوں کے حصول، ڈیزائن، تعمیر، اور تنظیم سازی میں مدد کے لیے فنڈ کے ذریعے کفالت کی گئی ہے۔ ریاست نیو یارک کی ڈارمیٹری اتھارٹی (Dormitory Authority of the State of New York, DASNY) کے ذیلی ادارے، سوشل ایکویٹی سروسنگ کارپوریشن (Social Equity Servicing Corporation, SESC) کے ساتھ کام کرتے ہوئے، یہ فنڈ ایک سرکاری و نجی محدود شراکت داری ہے جو سماجی مساوات کے کاروباری اداروں کو نیو یارک کی نئی تخلیق شدہ بالغوں کے استعمال کی بھنگ کی صنعت میں کامیابی کے لیے مقام دینے کے لیے بنائی گئی ہے۔ سوشل ایکویٹی امپیکٹ وینچرز کے زیرِ انتظام، یہ فنڈ انصاف میں شامل انفرادی CAURD لائسنس دہندگان کو بالغوں کے استعمال کے لیے بھنگ کی پرچون ڈسپنسریوں کے قیام کے اخراجات کو پورا کرنے میں مدد دے گا۔ بالغان کے استعمال کی بھنگ کی صنعت کی جانب سے لائسنس فیسوں اور محصولات کی مد میں اسے 50$ ملین جبکہ نجی شعبے کی جانب سے اسے 150$ ملین تک کی معاونت دی گئی ہے۔

CAURD لائسنس ریاست نیو یارک کے سیڈلنگ کے موقع کے اقدام کے مرکزی ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس اقدام کے ذریعے، نیو یارک کی بالغان کے استعمال کی پہلی قانونی ریٹیل ڈسپینسریاں امتناعِ بھنگ کے قوانین کے نفاذ سے انتہائی متاثرہ افراد یا وہ غیر منافع بخش تنظیمیں چلائیں گی، جن کی خدمات سابقہ طور پر مقید افراد کے لیے معاونت پر مشتمل ہوں گی۔ یہ ڈسپینسریاں ریاست نیو یارک بھر کے کاشتکاروں کی کاشت کردہ بالغان کے استعمال کے لیے بھنگ کی مصنوعات کی قانوناً جائز فروخت کر رہی ہیں۔

اہل درخواست دہندگان وہ ہیں جن کو یا تو خود بھنگ کی وجہ سے سزا ہوئی تھی یا کسی ایسے شخص کے قریبی خاندانی فرد ہیں جو کم از کم دو سال سے خالص منافع حاصل کرنے والا کاروبار کرتا ہے، اس کا مالک ہے یا اس کا مالک رہا ہے۔ غیر منافع بخش تنظیمیں CAURD لائسنسوں کے لیے اس صورت میں اہلیت رکھتی تھیں، کہ اگر ماضی میں انہوں نے حالیہ طور پر یا سابقہ طور پر مقید افراد کو خدمات فراہم کی ہوں، ان میں ان کے لیے پیشہ ورانہ مواقع کی تخلیق؛ عملِ انصاف سے وابستہ بورڈ میں کم از کم ایک ممبر کی رکنیت کا حصول؛ کم از کم پانچ کُل وقتی ملازمین؛ اور کوئی ایسی سماجی مہم چلائی ہو جس کے صافی اثاثہ جات یا منافع کم از کم دو سال کے برابر ہوں، سب شامل ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418